71275-چوپائے (بھیڑ بکری گائے اوراونٹ) کے علاوہ کسی جانورکی قربانی کرنے کا حکم

سوال

ایک شخص قطب شمالی میں رہائش پذیر ہے، اوروہ قربانی کرنا چاہتا ہے کیا وہ بڑی مچھلی قربانی کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

بڑی مچھلی یا گھوڑے یا ہرن یا مرغی کی قربانی نہیں کی جا سکتی کیونکہ قربانی کی شروط میں سے ہے کہ :

وہ بھیمۃ الانعام میں سے ہے اوریہ اونٹ، گائے، بکری کی نوع وقسام میں سے ہے کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{اور ہم نے ہر امت کے لیے قربانی کا ایک دن مقرر کیا ہے تا کہ اللہ تعالی نے انہیں جو جانور (بھیمۃ الانعام) بطور روزی دیا ہے وہ اسے اللہ کا نام لے کر ذبح کریں} الحج (34).

اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اوران کے کسی صحابی سے بھی ان جانوروں کے علاوہ کسی اور جانور کی قربانی کرنا منقول نہیں ہے.

دیکھیں : فتح القدیر (97/9).

امام نووی رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

"قربانی جائز ہونے کی شرط یہ ہے کہ وہ جانور بھیمۃ الانعام یعنی اونٹ، گائے، بکری، اور بھیڑ میں سے ہو، اس میں اونٹ، گائے اور بکری اور بھیڑ اور دنبے کی سب اقسام برابر ہیں، ان جانوروں کے علاوہ کسی اور وحشی جانور کی قربانی کرنا جائز نہیں مثلا نیل گائے اور جنگلی گائے اس میں کسی بھی قسم کا اختلاف نہیں، ان جانوروں میں سے چاہے نر ہو یا مادہ اس میں ہمارے نزدیک کسی بھی قسم کا اختلاف نہیں ہے...

اسی طرح ہرن اور بکری دونوں کو ملا کر جو نسل پیدا ہو اس کی قربانی کرنا بھی جائز نہیں، کیونکہ یہ بھیمۃ الانعام میں شامل نہیں ہوتی" انتہی مختصرا

دیکھیں : المجموع للنووی (6/364-366).

اور ابن قدامہ رحمہ اللہ نے بھی اسی طرح کی کلام ذکر کی ہے.

دیکھیں : المغنی ابن قدامہ (368).

اور شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی "احکام الاضحیۃ والزکاۃ" میں لکھتے ہیں :

"جس جنس کی قربانی کی جائیگی وہ صرف بھیمۃ الانعام ہے، کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے :

{اور ہم نے ہر امت کے لیے قربانی کا دن مقرر کیا ہے تا کہ اللہ تعالی نے انہیں جو (بھیمۃ الانعام) جانور بطور روزی دیا ہے انہیں اللہ کا نام لے کر ذبح کریں} الحج (34).

اور بھیمۃ الانعام اونٹ، گائے، بکری، بھیڑ دنبہ، مینڈھے کو کہا جاتا ہے ابن کثیر رحمہ اللہ تعالی نے بالجزم یہی کہا ہے اور ان کا قول ہے کہ: حسن، قتادہ اور اس کے علاوہ کئی ایک اہل علم کا قول بھی یہی ہے.

ابن جریر رحمہ اللہ کہتے ہیں: اور عرب کے ہاں بھی اسی طرح ہے" اھ

اور اس لیے بھی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"تم دو دانتا کے علاوہ کوئی اور جانور ذبح نہ کرو، لیکن اگر تمہیں دو دانتا نہ ملے تو پھر بھیڑ کا جذع ذبح کر لو"

صحیح مسلم حدیث نمبر (1963).

المسنۃ: اونٹ، گائے، بکری کی جنس سے دو ندے یعنی دو دانتے کو کہتے ہیں، اہل علم کا یہی قول ہے.

اور اس لیے بھی کہ قربانی بھی حج میں قربان کیے والے جانور جسے ھدی کہا جاتا ہے کی طرح ہی ہے، اس لیے اس میں بھی وہی جانور مشروع ہوگا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہیں بھی یہ منقول نہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ یا گائے، یا بکری کے علاوہ کوئی جانور قربانی کیا ہو" انتہی.

واللہ اعلم.